رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of دہلوی
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com
25 YEARS TRUST AND PURITY

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی•ممبئی•کولکاتا•لکھنؤ•گورکھپور•کانپور•پٹنہ•حیدرآباد•اور بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA HYDERABAD
1
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi•Mumbai•Kolkata
Lucknow•Gorakhpur•Kanpur
Patna•Hyderabad•Bengaluru
HYDERABAD: Thursday, 27 June,2024 Pages: 08 ₹5 Vol:18 Issue : 264
ایثار ○ فرض شناسی ○ حب الوطنی ○ | یعنی مکمل سچ |
حیدرآباد، جمعرات، 27/جون 2024، مطابق، 20/ذی الحجہ 1445ھ

اوم برلا، 18ویں لوک سبھا کے اسپیکر منتخب

وزیر اعظم مودی اور اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی نے چیئر تک پہنچایا۔تمام جماعتوں کے قائدین کی مبارکباد

نئی دہلی، 26/جون۔ (ایس این بی/ایجنسیز) اوم برلا ایک بار پھر لوک سبھا کے اسپیکر بن گئے ہیں۔ ایوان میں بدھ کو انہیں صوتی ووٹ کے ذریعہ اسپیکر منتخب کیا گیا۔ برلا کے لوک

سبھا کے اسپیکر منتخب ہونے کے بعد روایت کے مطابق وزیر اعظم نریندر مودی اور اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی نے انہیں کرسی تک پہنچایا۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف راہل گاندھی نے اسپیکر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد اوم برلا کو مبارک باد پیش کی۔ رپورٹ کے مطابق بدھ کی صبح 11 بجے جب لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو حلف لینے کیلئے سب سے پہلے ان 9 منتخب ارکان پارلیمنٹ کے نام پکارے گئے، جنہوں نے ابھی تک پارلیمنٹ کی رکنیت کا حلف نہیں لیا تھا۔ اس کے بعد ایوان کے پروٹیم اسپیکر بھرتری ہری مہتاب نے ایوان کو بتایا کہ انہیں لوک سبھا اسپیکر کے انتخاب سے متعلق 16 نوٹس موصول ہوئے ہیں۔ انہوں نے تجویز پیش کرنے کیلئے سب سے پہلے وزیر اعظم مودی کا نام لیا۔ اس کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی نے ایوان میں لوک سبھا کے نئے اسپیکر کے طور پر اوم برلا کا نام تجویز کیا، جس کی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے حمایت کی۔ اس کے بعد جے ڈی یو لیڈر اور مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ عرف للن سنگھ نے لوک سبھا کے اسپیکر کیلئے اوم برلا کا نام تجویز کیا جس کی آر ایل ڈی کے رکن پارلیمنٹ راج کمار سانگوان نے حمایت کی۔ ہندوستانی عوام مورچہ کے رہنما اور مرکزی وزیر جیتن رام مانجھی نے لوک سبھا اسپیکر کیلئے اوم برلا کا نام تجویز کیا، جس کی مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے حمایت کی۔ اس کے بعد مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے اوم برلا کا نام تجویز کیا، جس کی مرکزی وزیر نتن گڈکری نے تائید کی۔ این ڈی اے میں شامل دیگر اتحادی جماعتوں کی جانب سے شیوسینا لیڈر اور مرکزی وزیر پرتاپ راؤ گنپت راؤ جادھو، لوک جن شکتی پارٹی (رام ولاس) کے سربراہ اور مرکزی وزیر چراغ پاسوان، جے ڈی ایس لیڈر اور مرکزی وزیر ایچ ڈی کمارسوامی، ٹی ڈی پی لیڈر اور مرکزی وزیر کے رام موہن نائیڈو، اپنا دل (ایس) لیڈر اور مرکزی وزیر انوپریہ پٹیل اور کئی دوسرے لیڈروں نے لوک سبھا اسپیکر کے عہدہ کیلئے ایوان میں اوم برلا کا نام تجویز کیا اور این ڈی اے کے کئی دیگر رہنماؤں نے اس کی حمایت کی۔ دوسری طرف اپوزیشن اتحاد سے شیوسینا کے ایم پی اروند ساونت نے لوک سبھا اسپیکر کے عہدہ کے لیے ایوان میں کے۔ سریش کے نام کی تجویز پیش کی، جس کی آر ایس پی لیڈر این کے پریما چندرن نے تائید کی۔ اپوزیشن جماعتوں کے بہت سے دوسرے رہنما نے بھی کے۔ سریش کا نام ایوان میں تجویز کیا اور کئی ارکان اسمبلی نے ان کی حمایت کی۔ ایوان کے پروٹیم اسپیکر بھرتری ہری مہتاب نے صوتی ووٹ سے اوم برلا کو لوک سبھا اسپیکر منتخب کرنے کا اعلان کیا۔ چونکہ اپوزیشن جماعتوں نے ووٹوں کی تقسیم کا مطالبہ نہیں کیا تھا، اس لیے برلا کو صوتی ووٹ سے صدر منتخب کیا گیا۔ نیشنل ڈیموکریٹک الائنس (این ڈی اے) نے راجستھان کے کوٹہ سے ایم پی اوم برلا کو اسپیکر عہدے کے لئے اپنا امیدوار بنایا تھا، جنہوں نے الیکشن جیت لیا ہے۔ وہیں اپوزیشن انڈیا بلاک نے کیرالہ کے ماویلیکارا سے 8 بار کے رکن پارلیمنٹ کوڈی کنل سریش کو میدان میں اتارا تھا۔ دریں اثنا وزیر اعظم نریندر مودی، قائد حزب اختلاف راہل گاندھی، سماج وادی پارٹی کے صدر اکھلیش یادو، ترنمول کانگریس کے سدیپ بندھو پادھیائے اور مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے بدھ کو اوم برلا کو دوسری مرتبہ لوک سبھا کا اسپیکر منتخب ہونے پر مبارکباد دی۔ اوم برلا کے صوتی ووٹ سے 18ویں لوک سبھا کے اسپیکر منتخب ہونے کے بعد روایت کے مطابق وزیر اعظم نریندر مودی، قائد حزب اختلاف راہل گاندھی اور مرکزی پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو انہیں اسپیکر کی نشست پر لے گئے۔ اس سے پہلے دونوں لیڈروں نے اوم برلا کو بھی مبارکباد دی۔ مسٹر برلا کے لوک سبھا کے اسپیکر منتخب ہونے اور سیٹ تک پہنچانے کے بعد وزیر اعظم مودی نے اپنی تقریر میں کہا کہ یہ ایوان کی خوش قسمتی ہے کہ آپ دوسری بار اس نشست پر موجود ہیں۔ میری اور اس پورے ایوان کی طرف سے آپ کو بہت سی نیک خواہشات۔ امرتکال کے اس اہم دور میں دوسری بار اس عہدے پر فائز ہونا آپ کیلئے بہت بڑی ذمہ داری ہے۔ ہم سب کو یقین ہے کہ آنے والے 5 سالوں میں آپ ہم سب کی رہنمائی کریں گے۔ لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر کے طور پر اپنی پہلی تقریر میں راہل گاندھی نے برلا کو اسپیکر منتخب ہونے پر مبارکباد دی اور کہا کہ ملک کے عوام نے اپوزیشن کو زبردست حمایت دی ہے اور انہیں یقین ہے کہ وہ (مسٹر برلا) عوام کے جذبات کا مکمل احترام کریں گے۔ حکمراں جماعت کے پاس تمام اختیارات حکومت کے پاس ہیں، لیکن اپوزیشن بھی عوام کی آواز ہے اور اس کیلئے ضروری ہے کہ پارلیمنٹ میں عوام کی آواز سنی جائے۔ انہیں امید ہے کہ مسٹر برلا ایوان میں سب کو یکساں موقع فراہم کریں گے اور اس اپوزیشن کا احترام کریں گے، جس کا ملک نے آئین کے تحفظ کیلئے حمایت کیا ہے۔ اس ایوان میں اسپیکر کو فیصلہ کرنا ہے کہ اپوزیشن کی آواز کتنی سنی جاتی ہے، لیکن اس انتخاب نے ثابت کر دیا ہے کہ ملک کے عوام آئین کی حفاظت کیلئے پر عزم ہیں۔

لوک سبھا میں ایمرجنسی کی مخالفت میں قرارداد

اسپیکر کے رویہ پر اپوزیشن کا شدید احتجاج۔بی جے پی کا ایجنڈا چلانے کا الزام

نئی دہلی، 26/جون۔(ایجنسیز) اسپیکر منتخب ہونے کے بعد اوم برلا نے ایوان میں ایمرجنسی کی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ اندرا گاندھی نے ایمرجنسی لگا کر امبیڈکر

کے بنائے ہوئے آئین کی توہین کی تھی۔ جیسے ہی اسپیکر نے تجویز پیش کی، حزب اقتدار اور اپوزیشن کے اراکین پارلیمنٹ نے نعرہ بازی شروع کر دی۔ اسپیکر اوم برلا نے ایمرجنسی کے دوران جانیں گنوانے والوں کی یاد میں 2 منٹ کی خاموشی اختیار کرنے کو کہا۔ حکمراں فریق کے ارکان پارلیمنٹ نے خاموشی اختیار کی لیکن کانگریس اور اپوزیشن ارکان اسمبلی ہنگامہ آرائی کرتے رہے۔ کانگریس ممبران پارلیمنٹ نے الزام لگایا کہ اسپیکر بی جے پی کے ایجنڈے کو چلا رہے ہیں۔ خاموشی اختیار کیے جانے کے بعد اسپیکر نے پارلیمنٹ کی کارروائی جمعرات تک ملتوی کر دی۔ اب کل (جمعرات کو) ایوان میں صدر جمہوریہ کا خطاب ہوگا۔

امید کرتا ہوں کہ اب کی بار اپوزیشن ارکان کو معطل نہیں کیا جائیگا، اوم برلا پر اکھلیش یادو کا طنز

نئی دہلی، 26/جون۔(ایجنسیز) سماج وادی پارٹی کے رہنما اکھلیش یادو نے آج لوک سبھا میں نئے اسپیکر کے منتخب ہونے پر اوم برلا کو مبارکباد دی تاہم ایوان میں تقریر کرتے ہوئے پرانی باتوں کو یاد کرکے کچھ طنز بھی کئے۔ انہوں نے اوم برلا کو مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ 'میں امید کرتا ہوں کہ 18ویں لوک سبھا میں ارکان کی معطلی جیسی کارروائی نہیں ہوگی'۔ اکھلیش یادو گذشتہ سال سرمائی اجلاس کے دوران 100 ارکان کی معطلی کا حوالہ دے رہے تھے۔ این ڈی اے کے امیدوار اوم برلا کے لوک سبھا اسپیکر کے طور پر دوبارہ منتخب ہونے کے بعد ایوان میں تقریب کرتے ہوئے اکھلیش یادو نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ اسپیکر، اپوزیشن کے تئیں غیر جانبدار رہیں گے اور تمام ارکان اور پارٹیوں کو اپنی بات رکھنے کا برابر موقع فراہم کریں گے۔ انہوں نے اوم برلا سے کہا کہ آپ جس عہدے پر فائز ہیں اس کے ساتھ شاندار روایات جڑی ہوئی ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ یہ بلاتفریق جاری رہیں گی۔ آپ لوک سبھا اسپیکر کی حیثیت سے سب کو یکساں مواقع اور احترام کریں گے۔

گائے کا گوشت رکھنے کا الزام، ہندوتوا شدت پسندوں کا انتباہ

این ایس اے کے تحت مقدمہ، دو خواتین سمیت 6 مسلم نوجوان گرفتار

بھوپال، 26/جون۔(ایجنسیز) مدھیہ پردیش کے مورینا ضلع میں گائے ذبح کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے این ایس اے کے تحت مقدمہ درج کیا گیا اور 2 مسلمانوں کے مکانات کو بلڈوزر کے ذریعہ منہدم کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 21 جون کو پولیس نے نور آباد گاؤں کی بنگالی کالونی میں واقع جعفر خان اور اصغر خان کے گھروں سے مبینہ طور پر گائے کا گوشت اور گائے کی کھال ضبط کی تھی۔ دراصل یہ کاروائی اس وقت کی گئی جب بجرنگ دل کا لیڈر دلیپ سنگھ گجر نے دو مسلمانوں کیخلاف شکایت کی اور کچھ شدت پسندوں کے ساتھ ہنگامہ کھڑا کر دیا۔ اس دوران اس نے انتظامیہ کو دھمکی بھی دی کہ 'اگر مسلمانوں کے گھر منہدم نہیں کئے گئے تو وہ ان کے گھر مسمار کر دیگا'۔ اس معاملے میں اب تک کم از کم چھ افراد کو گرفتار کیا جا چکا ہے۔ گرجر نے الزام لگایا کہ اس نے کچھ لوگوں کو ایک گائے کو ذبح کرتے ہوئے دیکھا اور جب اس نے اسکی مخالفت کی تو اس پر حملہ کیا گیا۔ شکایت کے فوری بعد کاروائی کرتے ہوئے پولیس نے ایک ہی دن میں دو خواتین سمیت چار افراد کو گرفتار کر لیا جبکہ ایک نابالغ کو بھی حراست میں لیا تھا۔ واضح رہے کہ اگر گائے ذبح کرنے کا الزام ثابت ہو جاتا ہے تو مدھیہ پردیش میں سات سال تک قید کی سزا ہو سکتی ہے۔ قابل غور ہے کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر مدھیہ پردیش کے قبائلی اکثریتی منڈلا میں گائے کا گوشت رکھنے کا الزام عائد کرتے ہوئے 11 مسلمانوں کے مکانات کو منہدم کر دیا گیا تھا۔

مختصر خبریں

خانہ کعبہ کی چابی نئے کلید بردار کے حوالے

مکہ مکرمہ، 26/جون۔(ایجنسیز) سعودی عرب میں خانہ کعبہ کے کلید بردار (سادن) شیخ ڈاکٹر صالح الشیبی کے دنیا سے پردہ کر جانے کے بعد یہ ذمہ داری شیخ عبدالوہاب بن زین العابدین الشیبی کو سونپ دی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق فتح مکہ کے بعد اب تک کلید برداروں میں شیخ عبدالوہاب الشیبی کا 78واں نمبر ہے، جنہیں یہ ذمہ داری دی گئی ہے۔ خانہ کعبہ کے 77ویں کلید بردار شیخ ڈاکٹر صالح الشیبی گزشتہ دنوں 80 برس کی عمر میں فانی دنیا کو خیر باد کہہ گئے تھے، جنہیں مکہ کے معروف قبرستان معلیٰ میں سپرد خاک کیا گیا۔ واضح رہے کہ 'سادن' نام اس شخص کیلئے مخصوص ہے، جس کے پاس کعبہ شریف کی چابی ہوتی ہے۔ کعبہ کے قفل کو کھولنا، بند کرنا اور اندرونی و بیرونی صفائی، غلاف کعبہ کی تبدیلی و دیگر امور بھی 'سادن' یعنی کلید بردار کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ فتح مکہ کے بعد نبی کریمؐ نے بنو شیبہ کو چابی سونپی اور انہیں یہ ذمہ داری عطا کی تھی۔

منی پور کے جیریبام میں جدید اسلحہ سے حملہ

امپھال، 26/جون۔ (ایجنسیز) مشتبہ کوکی عسکریت پسندوں نے بدھ کو منی پور کے جیریبام ضلع میں بم اور جدید ترین ہتھیاروں کا استعمال کرتے ہوئے حملہ کیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ حملے میں بوروبیکرا علاقے میں 3 مکانات مکمل طور پر تباہ ہو گئے۔ مبینہ طور پر مشتبہ عسکریت پسندوں نے پہلے بم پھینکے اور بعد میں گھروں کو آگ لگا دی۔ منی پور کے وزیر اعلیٰ نے حال ہی میں سیکورٹی ایڈوائزر کلدیپ سنگھ اور ڈی جی پی راجیو سنگھ سے کارروائی میں ناکامی کو لے کر ایک رپورٹ پیش کرنے کیلئے کہا تھا۔

راہول گاندھی نے وزیر اعظم مودی سے مصافحہ کیا

نئی دہلی، 26/جون۔ (ایجنسیز) کانگریس قائد راہول گاندھی نے وزیر اعظم مودی سے مصافحہ کیا۔ یہ دونوں 18 ویں لوک سبھا کے نو منتخب اسپیکر اوم برلا کا خیر مقدم کرنے کیلئے یکجا ہوئے تھے۔ عبوری اسپیکر بی مہتاب نے اوم برلا کے اسپیکر منتخب ہونے کا اعلان کیا جسکے بعد وزیر اعظم مودی، وزیر پارلیمانی امور کرن رجیجو اور قائد اپوزیشن لوک سبھا راہول گاندھی اوم برلا کی طرف بڑھے اور انہیں کرسی صدارت کی طرف لے گئے۔ اس دوران راہول گاندھی نے وزیر اعظم مودی اور اسپیکر اوم برلا سے ہاتھ ملایا۔ اوم برلا کو مبارکباد دیتے ہوئے راہول گاندھی نے کہا کہ میں آپ کو ساری اپوزیشن اور انڈیا بلاک کی طرف سے مبارکباد دینا چاہوں گا۔ یہ ایوان ہندوستان کے عوام کی نمائندگی کرتا ہے۔ حکومت کے پاس سیاسی طاقت ہوسکتی ہے لیکن اپوزیشن عوام کے آواز کی نمائندگی کرتی ہے۔

حجاب پر پابندی کے فیصلے میں مداخلت سے بمبئی ہائی کورٹ کا انکار

ڈریس کوڈ تمام مذاہب کے طلبہ کیلئے لازمی: عدالت۔ 9 طالبات کی درخواست خارج

ممبئی، 26/جون۔ (ایجنسیز) بمبئی ہائی کورٹ نے آج شہر چمبور علاقہ کے ایک کالج کے ذریعہ کالج کے احاطے میں حجاب، برقع اور نقاب پر پابندی عائد کرنے کے فیصلے میں مداخلت کرنے سے انکار کر دیا۔ ڈویژن بنچ نے کہا کہ وہ کالج کے فیصلے میں مداخلت کرنے کے لیے تیار نہیں ہے اور اس کیخلاف نو طالبات کی طرف سے دائر

درخواست کو خارج کر دیا، جو سائنس ڈگری کورس کے دوسرے اور تیسرے سال میں ہیں۔ طالبات نے اس ماہ کے شروع میں ہائی کورٹ کا رخ کیا۔ درخواست گزاروں نے دعویٰ کیا کہ ایسی ہدایت ان کے مذہب پر عمل کرنے کے ان کے بنیادی حقوق، رازداری کے حق اور انتخاب کے حق کے خلاف ہے۔ درخواست میں کالج کی کارروائی کو "من مانی، غیر معقول، قانون کے لیے برائی اور نامناسب" قرار دیا گیا ہے۔ درخواست گزار کے وکیل الطاف خان نے گزشتہ ہفتے ہائی کورٹ کے سامنے اپنے اس دعوے کی تائید کے لیے قرآن کی بعض آیات پیش کیں کہ حجاب پہننا اسلام کا لازمی حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے مذہب پر عمل کرنے کے حق کے علاوہ، درخواست گزار کالج کے فیصلے کی مخالفت کرتے ہوئے اپنے انتخاب اور رازداری کے حق پر بھی انحصار کر رہے تھے۔ کالج نے دعویٰ کیا تھا کہ اس کے احاطے میں حجاب، نقاب اور برقع پر پابندی لگانے کا فیصلہ یکساں ڈریس کوڈ کے لیے محض ایک تادیبی کارروائی ہے اور یہ مسلم کمیونٹی کے خلاف نہیں ہے۔ سینئر وکیل انیل انتورکر، کالج انتظامیہ کی طرف سے پیش ہوئے، انہوں نے کہا کہ ڈریس کوڈ ہر مذہب اور ذات سے تعلق رکھنے والے تمام طلباء کے لیے ہے۔ تاہم، لڑکیوں نے اپنی درخواست میں دعویٰ کیا کہ اسطرح کی ہدایت "طاقت کے رنگ برنگے استعمال کے سوا کچھ نہیں۔

اسرائیلی فوج کی درندگی، غزہ میں معمر فلسطینی خاتون پر کتا چھوڑ دیا گیا

غزہ، 26/جون۔(ایجنسیز) غزہ میں اسرائیلی فوج نے درندگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جبالیہ کیمپ میں گھر خالی نہ کرنے پر ایک معمر فلسطینی خاتون پر کتا چھوڑ دیا۔ الجزیرہ کی جانب سے حاصل کی گئی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ جبالیہ پناہ گزین کیمپ میں فوجی آپریشن کے دوران اسرائیلی فوجیوں کا کتا معمر فلسطینی خاتون کے گھر میں داخل ہو کر ان پر حملہ کر دیتا ہے۔ ویڈیو کچھ ہفتوں قبل کی ہے اور حملے کا شکار ہونے والی خاتون کی شناخت دولت التنانی کے نام سے ہوئی ہے، حملے کے نتیجے میں متاثرہ خاتون کا ہاتھ زخمی ہوا ہے اور اسپتال یا طبی سہولیات میسر نہ ہونے کی وجہ سے ان کا اب تک مناسب علاج نہیں ہوسکا ہے۔ متاثرہ خاتون نے الجزیرہ سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے اپنے گھر سے جبراً بے دخل کیے جانے سے انکار کیا تو اسرائیلی فوج نے ان پر کتا چھوڑ دیا جس نے حملہ کر کے انہیں شدید زخمی کر دیا۔

گاندھی خاندان کو اپوزیشن لیڈر کا عہدہ تیسری بار ملا

نئی دہلی، 26/جون۔(ایجنسیز) کانگریس کے رکن پارلیمنٹ راہل گاندھی لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر رہوں گے۔ یہ فیصلہ منگل کو کانگریس صدر ملکارجن کھرگے کی رہائش گاہ پر منعقد انڈیا بلاک کی میٹنگ میں لیا گیا۔ پروٹیم اسپیکر بھرتری ہری مہتاب کو ایک خط لکھ کر اس فیصلے سے آگاہ کر دیا گیا۔ گاندھی خاندان کو یہ عہدہ تیسری بار ملا ہے۔ واضح رہے 10 سال بعد کانگریس کو اپوزیشن لیڈر کا عہدہ ملا ہے۔ کیونکہ 2014 اور 2019 میں کانگریس کے پاس ارکان پارلیمنٹ کی اتنی تعداد نہیں تھی کہ وہ اپوزیشن لیڈر کا عہدہ حاصل کرسکیں۔ اصول یہ ہے کہ اس عہدہ کیلئے کسی بھی سیاسی جماعت کے پاس ارکان پارلیمنٹ کی کل تعداد کا کم از کم 10 فیصد ہونا چاہیے۔ اس بار کانگریس 99 ارکان پارلیمنٹ کیساتھ اس سطح پر پہنچ گئی۔ اس وجہ سے کانگریس 10 سال بعد اپوزیشن لیڈر کا عہدہ سنبھال سکتی تھی، جس کیلئے راہل گاندھی کے نام کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ راہل گاندھی بطور قائد حزب اختلاف اس کمیٹی کا حصہ بنیں گے، جس میں سی بی آئی کے ڈائریکٹر، سنٹرل وجیلنس کمشنر، چیف انفارمیشن کمشنر، لوک پال یا لوک آیکت، قومی انسانی حقوق کمیشن کے چیئرپرسن اور ممبران شامل ہوں گے۔ ان کا کردار الیکشن کمیشن آف انڈیا کا چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمشنروں کی تقرری میں بھی ہوگا۔ ان تمام تقرریوں میں راہل گاندھی اپوزیشن لیڈر کے طور پر اسی میز پر بیٹھیں گے جہاں وزیر اعظم مودی بیٹھیں گے اور یہ پہلا موقع ہوگا کہ ان فیصلوں میں وزیر اعظم مودی کو راہل کی رضامندی لینی پڑے گی۔ راہل گاندھی کے اپوزیشن لیڈر بننے کے بعد وہ حکومت کے معاشی فیصلوں کا مسلسل جائزہ لے سکیں گے۔

سی بی آئی نے کجریوال کو گرفتار کرلیا

تین دن کی تحویل میں۔آئندہ سماعت 29/جون تک ملتوی

نئی دہلی، 26/جون۔(ایجنسیز) سی بی آئی نے چیف منسٹر دہلی اروند کجریوال کو چہارشنبہ کے دن گرفتار کرلیا اور مبینہ آبکاری اسکام سے جڑے کرپشن کیس میں پانچ دن کی تحویل مانگی۔ کجریوال نے کہا کہ وہ بے قصور ہیں اور ان کے نائب منیش سسوڈیا کے علاوہ عام آدمی پارٹی بھی بے قصور ہے۔ مرکزی تحقیقاتی ایجنسی نے جج سے اجازت ملنے کے بعد عام آدمی پارٹی قائد کو باقاعدہ گرفتار کرلیا۔ تہاڑ سنٹرل جیل سے کجریوال کو عدالت میں حاضر کرنے کے بعد ایجنسی نے گرفتاری کی درخواست داخل کی۔ عام آدمی پارٹی قائد آبکاری اسکام سے جڑے منی لانڈرنگ کیس کے سلسلہ میں تہاڑ جیل میں بند ہیں۔ اس کیس کی تحقیقات انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کر رہی ہے۔ کجریوال نے عدالت سے کہا کہ سی بی آئی ذرائع کے حوالہ سے میڈیا میں دکھایا جارہا ہے کہ میں نے سارا الزام منیش سسوڈیا کے اوپر ڈال دیا ہے جبکہ میں نے ایسا کوئی بیان نہیں دیا۔ میرا کہنا ہیکہ سسوڈیا بے قصور ہے، عام آدمی پارٹی بے قصور ہے اور میں بے قصور ہوں۔ سارا کھیل ہمیں میڈیا کے سامنے بدنام کرنے کا ہے۔ ریکارڈ پر لیجئے کہ یہ سارا کھیل میڈیا میں سی بی آئی ذرائع کے حوالہ سے کھیلا جارہا ہے۔ کجریوال نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ سی بی آئی مسئلہ کو سنسنی خیز بنارہی ہے۔ سی بی آئی کے وکیل نے تاہم کہا کہ ہم نے صرف حقائق پر بحث کی ہے اور ایجنسی ذرائع نے کچھ بھی نہیں کہا ہے۔ اس پر جج نے کہا کہ میڈیا ایک لائن ٹک کرتا ہے' اس طرح اس پر کنٹرول بڑا مشکل ہے۔ کجریوال کو تحویل میں دینے کی گزارش کرتے ہوئے سی بی آئی نے کہا کہ معاملہ کی وسیع تر سازش بے نقاب کرنے ان سے پوچھ تاچھ ضروری ہے۔ چیف منسٹر دہلی کا سامنا دیگر ملزمین سے کرانا ہوگا۔ اروند کجریوال شریک ملزم وجئے نائر کو پہچاننے سے تک انکار کر رہے ہیں حالانکہ وہ ان کے تحت کام کر چکا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ نائر آتشی مرلینا' سوربھ بھاردواج کے انڈر میں کام کرتا تھا۔ وہ سارا الزام منیش سسوڈیا پر دھر رہے ہیں۔ کجریوال کا سامنا دیگر ملزمین سے کرانا ہوگا۔ انہیں کاغذات بھی دکھانے ہوں گے۔ ایجنسی نے دعویٰ کیا کہ کووڈ 19 کی لہر جس وقت عروج پر تھی اس دوران "ساؤتھ لابی" نے دہلی کا دورہ کیا تھا۔ وفاقی ایجنسیوں نے قبل ازیں دعویٰ کیا تھا کہ نام نہاد ساؤتھ لابی نے اپنی پسند کی آبکاری پالیسی بنوائی تھی اور چیف منسٹر اس سارے کھیل میں ملوث ہیں۔

یوسف پٹھان نے "ایشور" کے نام پر حلف لیا

لفظ ایشور کے استعمال سے متعلق دارالعلوم دیوبند کے فتوے!

کولکتہ، 25/جون۔ (ایجنسیز) سابق ہندوستانی کرکٹر اور ترنمول کانگریس کے رکن یوسف پٹھان نے منگل کو 18ویں لوک سبھا کے رکن کی حیثیت سے حلف اٹھایا۔ انہوں نے اپنا حلف اللہ یا خدا کا نام لینے کے بجائے "ایشور" کے نام پر لیا۔ جس پر مختلف گوشوں سے ان پر تنقیدیں کی جارہی ہیں اور مسلمانوں میں ایک نئی بحث چھڑ گئی ہے کہ کیا ایشور کے نام پر حلف یا قسم کھا سکتے ہیں؟ اس سلسلے میں بعض افراد نے اس کی تائید اور مخالفت بھی کی ہے۔ اردو لیکس نے اس معاملے پر ہندوستان کی مشہور دینی درسگاہ جامعہ دارالعلوم دیوبند کے فتویٰ کو پیش کیا ہے جس میں دارالعلوم دیوبند نے ایک فتویٰ جس کا سوال نمبر 157658 میں "ایشور" کے نام پر قسم کھانے یا حلف اٹھانے کو درست قرار دیا اور اس کی اجازت دی۔ فتویٰ کے جواب میں کہا کہ "اردو لغت اسی طرح لوگوں کے بول چال سے معلوم ہوتا ہے کہ ایشور "اللہ" کا مترادف ہے جیسے "خدا، اللہ" کے مترادف کے طور پر استعمال ہوتا ہے، فقہاء نے یہ صراحت کی ہے کہ قرآن وحدیث کے اندر اللہ تعالیٰ کے جو اسماء وصفات عربی میں آئے ہیں، دیگر زبانوں میں ان کا جو ترجمہ ہو اسی طرح ان کے جو مترادف الفاظ ہوں ان کا استعمال بھی اللہ کے لیے جائز ہے۔ جبکہ ایک اور فتوی سوال نمبر 29070 میں دارالعلوم دیوبند نے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ کو ایشور کے نام سے پکارنا یا ایشور کے نام پر قسم کھانا مسلمانوں کے لیے درست نہیں ہے۔ یوسف پٹھان مغربی بنگال کے اکوٹا لوک سبھا حلقہ سے کانگریس کے ادھیر رنجن چودھری کو شکست دے کر رکن پارلیمنٹ منتخب ہوئے۔ کرکٹ کے بعد اب یوسف پٹھان خان سیاست کی اننگز کا آغاز کر رہے ہیں۔



نیٹ پیپر افشا کیس کی تحقیقات میں تیزی۔سی بی آئی ہزاری باغ پہنچ گئی

اویس اسکول پرنسپل سے پوچھ تاچھ۔کوریئر کمپنی کا دفتر مقفل پایا گیا۔ملزم چنٹو اور مکیش کمار 3 دن کے سی بی آئی ریمانڈ پر

پٹنہ/نئی دہلی، 26/جون۔ (ایجنسیز) پٹنہ کی خصوصی سی بی آئی عدالت نے نیٹ پیپر لیک معاملہ کے ملزم بلدیو کمار عرف چنٹو اور مکیش کمار کو 3 دن کے سی بی آئی ریمانڈ پر بھیج دیا ہے۔ بہار پولیس کی تحقیقات کے مطابق یہ چنٹو ہی تھا، جس نے پیپر کی فوٹو کاپیاں بنا کر 30 طلبا کو دی تھیں۔ اس کے علاوہ کرائے کے کمرے میں سوالات کے جوابات بھی یاد کرائے تھے۔ وہیں کولکاتہ میں نیٹ یو جی امتحان کی میرٹ لسٹ میں پیسوں کے عوض امیدوار کا نام شامل کرنے کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ ملزم نے میرٹ لسٹ میں نام شامل کرنے اور کالج میں میڈیکل سیٹ دلانے کیلئے طالب علم کے والدین سے 5 سے 12 لاکھ روپے تک کی رقم وصول کی ہے۔ مغربی بنگال پولیس نے ملزم کو 25 جون کو دیر رات گرفتار کیا تھا۔ نیٹ پیپر لیک معاملے میں سی بی آئی کی جانچ جاری ہے۔ بہار ای او یو کی رپورٹ کے مطابق جھارکھنڈ کے ہزاری باغ میں سوال ناموں کے باکس کی دیکھ بھال اور رسیونگ میں لاپرواہی کی گئی ہے۔ سوال ناموں کو این ٹی اے نے اپنے عہدیدار کی موجودگی میں 3 مئی کو دہلی سے رانچی بھیجے تھے۔ رانچی ہوائی اڈے پر این ٹی اے کے ملازم نے سوال ناموں والے باکس کو کوریئر کمپنی کے حوالے کر دیا۔ یہاں سے ان ڈبوں کو کمپنی کے ٹرک میں کوریئر آفس لے جایا گیا۔ ٹرک سے اتارے گئے ان ڈبوں کو کمپنی کے دفتر کے باہر

NEET
NATIONAL ELIGIBILITY CUM ENTRANCE TEST

چھوڑ دیا گیا۔ اس کے بعد ان سوال ناموں پر مشتمل باکس کو ای رکشہ کے ذریعہ ایس بی آئی برانچ میں بھیجا گیا۔ اس دوران ڈبے کی حفاظت کیلئے کسی کو نہیں بھیجا گیا تھا۔ اب شبہ یہ ہے کہ کوریئر کمپنی کے دفتر سے بینک جاتے ہوئے راستے میں ان ڈبوں کیساتھ چھیڑ چھاڑ کی گئی تھی۔ بہار ای او یو کی تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق ہزاری باغ کے اویس اسکول کے پرنسپل، آبزرور اور سینٹر انچارج کا پیپر لیک کرانے میں کردار ہوسکتا ہے، کیونکہ جب سوال ناموں پر مشتمل باکس اسکول پہنچے تو وہ خود بخود نہیں کھلے اور جس بیگ میں باکس تھا وہ بھی نیچے سے پھٹ گیا تھا۔ اس کے بعد باکس کو کھولنے کے لیے کٹر کا استعمال کیا گیا اور سوال نامہ لیک کر دیا گیا۔ واضح رہے کہ نیٹ پیپر لیک معاملہ کی تفتیش نے اب رفتار پکڑ لی ہے۔ جانچ ایجنسیاں تیزی کے ساتھ پوچھ گچھ کر رہی ہیں اور ہر مشتبہ مقامات تک پہنچ رہی ہیں۔ ای او یو اور سی بی آئی کی ٹیم اس وقت پوری طرح سرگرم دکھائی دے رہی ہے۔ سی بی آئی کی ٹیم تو ہزاری باغ میں 3 مقامات پر تفتیش کر رہی ہے اور کچھ مشتبہ افراد سے پوچھ گچھ کا عمل بھی جاری ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آج سی بی آئی کی ایک ٹیم نے جھارکھنڈ کے ہزاری باغ واقع اویس اسکول کے پرنسپل سے پوچھ گچھ کی ہے۔ سی بی آئی کی ٹیم پہلے اسکول پہنچی تھی، لیکن وہاں پرنسپل احسان الحق موجود نہیں تھے۔ پھر سی بی آئی کی ٹیم پرنسپل کے گھر پہنچی اور تقریباً ڈیڑھ گھنٹے تک ان سے پوچھ گچھ کی گئی۔ سی بی آئی کی 3 رکنی ٹیم نے پرنسپل سے خصوصاً پیپر لیک کے بارے میں سوال کیے۔ اس درمیان سی بی آئی ذرائع کا کہنا ہے کہ کسی ایک مشتبہ شخص کی پوچھ گچھ کے بعد گرفتاری ہوسکتی ہے۔ حالانکہ 3 مشتبہ افراد سے پوچھ گچھ ہو رہی ہے اور انہی کے ارد گرد سی بی آئی کی تفتیش گھوم رہی ہے۔ کوریئر کمپنی، ایس بی آئی اور پیپر کرانے والا اسکول اویس شبہات کے گھیرے میں ہے۔

ڈوڈہ تصادم میں 3 ملی ٹینٹ ہلاک، ایس او جی جوان زخمی

جموں، 26/جون۔ (ایجنسیز) جموں وکشمیر کے ڈوڈہ ضلع کے گندوہ علاقے میں سیکورٹی فورسز کے ساتھ تصادم میں تین عدم شناخت ملی ٹینٹ مارے گئے۔ اے ڈی جی پی آنند جین کے مطابق علاقے میں تلاشی آپریشن جاری ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ ملی ٹینٹوں کی ابتدائی فائرنگ میں ایس او جی اہلکار بھی زخمی ہوا ہے جس کو علاج ومعالجہ کی خاطر نزدیکی اسپتال منتقل کیا گیا۔ اطلاعات کے مطابق ملی ٹینٹوں کی موجودگی کی ایک خاص اطلاع موصول ہونے کے بعد سیکورٹی فورسز نے بدھ کی صبح ڈوڈہ کے گندوہ جنگلی علاقے کو محاصرے میں لے کر تلاشی آپریشن شروع کیا۔ ذرائع نے بتایا کہ جوں ہی سلامتی عملے کے اہلکار مشتبہ مقام کے نزدیک پہنچے تو وہاں پر موجود ملی ٹینٹوں نے فورسز پر اندھا دھند فائرنگ شروع کی، سیکورٹی فورسز نے بھی پوزیشن سنبھال کر جوابی کارروائی کا آغاز کیا جس دوران شدید گولیوں کا تبادلہ شروع ہوا۔

پلاسٹک کی بوتل میں پانی پینا ذیابیطس کا سبب بن سکتا ہے، تحقیق

واشنگٹن، 26/جون۔ (ایجنسیز) ایک نئی تحقیق میں پلاسٹک کی بوتل میں موجود کیمیکل اجزاء اور ٹائپ 2 ذیابیطس کے خطرات کے درمیان تعلق کے شواہد سامنے آئے ہیں۔ جرنل ڈائی بی ٹیز میں شائع ہونے والی تحقیق میں بتایا گیا کہ کھانے اور پینے کے پیکیجز بشمول پانی کی پلاسٹک کی بوتلیں، بنانے کے لیے استعمال کیا جانے والا کیمیکل بسفینول اے جسم میں شوگر کو قابو کرنے والے ہارمون انسولین کی حساسیت کو کم کرسکتا ہے۔ تحقیق کے نتائج جو امیریکن ڈائی بی ٹیز ایسوسی ایشن کے تحت منعقد ہونے والے سائنٹیفک سیشن میں پیش کیے جائیں گے، میں امریکا کے ماحولیاتی تحفظ کے ادارے (ای پی اے) پر زور دیا گیا ہے کہ ادارہ بوتلوں اور کھانے کے برتنوں کے بی پی اے کیمیکل کی محفوظ حد کا تعین کرے۔ ماضی کے مطالعوں میں یہ بات بتائی جا چکی ہے کہ کیمیکل بی پی اے پلاسٹک اور ایپوکسی ریسن بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے کو انسانوں میں ہارمونز میں خلل ڈال سکتا ہے۔ واضح رہے ماضی میں کی جانے والی کسی بھی تحقیق میں اس کیمیکل اور ذیابیطس کے خطرات میں اضافے کا براہ راست جائزہ نہیں لیا گیا ہے۔